MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل گوادر
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

جلد 15 | 06 فروری، بروز، جمعرات 2025-1446ء (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 223

کشمیریوں نے جہد و جہد آزادی کیلئے بے مثال قربانیاں دی ہیں، صادق عمرانی

اس دن کو منانے کا مقصد کشمیریوں کے منصفانہ جہدوجہد، حق خود ارادیت، سیاسی و سفارتی حمایت اور غیر متزلزل عزم کا اظہار ہے

مسئلہ کشمیر کا واحد اور حتمی حل صرف و صرف کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق جمہوری طریقے سے اقوام متحدہ کے تحت منعقدہ غیر جانب اور آزاد استصواب رائے سے کیا جائے

نصیر آباد (یو این اے) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر و پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ 05 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر دن کا مقصد منقسم کشمیر کے سبھی حصوں میں بسنے والے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرنا ہے یہ دن منانے کا سلسلہ گزشتہ کئی سالوں سے بلا تعطل جاری ہے اور بلوچستان کے عوام بھی اپنے کشمیری بہن، بھائیوں کے ساتھ 05 فروری کو

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کی ایسی مارکیٹ جہاں پرندے ہول سیل ریٹ پر ملتے ہیں

مہنگائی نے جہاں دیگر کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کیا ہے وہیں پرندوں کی اس مارکیٹ میں بھی آج کل کاروبار نہ ہونے کے برابر ہے

کوئٹہ (یو این اے) آپ نے کپڑوں اور

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

مقتدر قوتیں اور حکمران غافل اور ناکام ہیں، زاہد اختر بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے حالات روز بروز خراب ہو رہے ہیں شاہراہیں محفوظ ہیں نہ عوام، سکول کے بچے محفوظ ہیں نہ تاجر ہر طرف پریشانی اور مشکل وخوف کا دور دورہ ہے مقتدر قوتیں

(بقیہ نمبر صفحہ 3 پر)

نوکنڈی میں مسلم لیگ (ن) کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر پر تاریخی کار ریلی کا انعقاد

حاجی میر عرض محمد بڑیچ کا کشمیر کے مسئلے کے حل کے لیے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر زور

نوکنڈی (یو این اے) مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن و بڑیچ پینل کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے نوکنڈی میں ایک تاریخی کار ریلی نکالی گئی جس میں سینکڑوں گاڑیوں کے قافلے پر مشتمل ہزاروں افراد نے شرکت کی جبکہ ریلی میں ایف سی نوکنڈی رائفلز اور نوکنڈی انتظامیہ نے امن و امان برقرار رکھنے کی غرض سے ریلی میں شریک ہوئے ریلی بڑیچ ہاس نوکنڈی سے برآمد ہوئی اور مختلف شاہراہوں پر گشت کرنے کے بعد

(بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، کاسی قبائل کے معتبرین ملک عارف کاسی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دہشت گردی کی لعنت کو اجاگر کرنے والا بزدلانہ فعل ہے، جمال رئیسانی

حاجی قاسم رئیسانی کے ٹارگٹ کلنگ کی پرزور مذمت کرتا ہوں، پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر گہرا رنج ہوا اسماعیلی برادری سے میری دلی تعزیت۔ اس کی روح کو سکون ملے

ان کو اس ناقابل برداشت درد کے درمیان ہمت ملے یہ سانحہ لاجواب نہیں رہ سکتا میں صوبائی حکومت پر زور دیتا ہوں کہ وہ اب پرعزم طریقے سے کام کرے دہشت گردی کے نیٹ ورکس کو ختم کریں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ اسسٹنٹ جیل سپرنٹنڈنٹ حاجی قاسم رئیسانی کے ٹارگٹ کلنگ کی پرزور مذمت کرتا ہوں جو کہ دہشت گردی کی لعنت کو اجاگر کرنے والا بزدلانہ فعل ہے۔ ان کے غمزدہ خاندان سے میری گہری تعزیت؛ ان کو اس ناقابل برداشت درد کے درمیان ہمت ملے یہ سانحہ لاجواب نہیں رہ سکتا میں صوبائی حکومت پر زور دیتا ہوں کہ وہ اب پرعزم طریقے سے کام کرے دہشت گردی کے نیٹ ورکس کو ختم کریں، عوام کی حفاظت کریں اور انصاف فراہم کریں تاخیر سے مزید جانوں کا خطرہ ہے۔ ہزر بائینس

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی چینی ہم منصب سے ملاقات

چین سے پولیس کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور آلات خریدنے کے خواہاں ہیں۔ ملاقات میں نیشنل پولیس اکیڈمی کے ساتھ تعاون پر بات چیت ہوئی

وفاقی وزیر داخلہ اور چینی ہم منصب کے درمیان ملاقات 2 گھنٹے طویل رہی، وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی ہم منصب کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی

بیجنگ (آئی این پی) پاکستان اور چین نے انٹیلی جنس شیئرنگ کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق کیا ہے، بیجنگ پولیس اور اسلام آباد پولیس میں تعاون بڑھایا جائیگا، چین سے پولیس کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور آلات خریدے جائیں گے۔ تفصیل کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے دورہ چین کے موقع پر چینی ہم منصب کیوبنجن سے ملاقات کی، جس میں انٹیلی جنس شیئرنگ کو

(بقیہ 38 ونی صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی کے پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج و دیگر کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر نکالی جا رہی ہے

کوئٹہ، بلوچستان سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم کشمیر کی مناسبت سے کوئٹہ سے پشین جانیوالی سائیکل ریس کو جماعت اسلامی کے ضلعی امیر دوگر روانہ کر رہے ہیں

پاکستان اور کشمیریوں کا رشتہ کلمہ طیبہ کے تحت مضبوط ہے، سنگت موسی مینگل

پاکستان کی حکومت اور عوام ہمیشہ کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی آزادی کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے

کوئٹہ (یو این اے) سیاسی و سماجی رہنما سنگت موسی مینگل نے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ آج کا دن کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا دن ہے، جو بھارت کے ظلم و جبر کا شکار ہیں۔ کشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں کے ساتھ ہمارا رشتہ صرف جغرافیہ یا سیاست کا نہیں، بلکہ یہ رشتہ کلمہ طیبہ کا ہے۔ ہمارے ایمان کا حصہ ہے کہ کشمیری عوام کے حقوق کی جدوجہد میں ہم ہمیشہ

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام یکجہتی کیلئے پریس کلب کے سامنے احتجاجی جلسہ سے اجمد سلام و دیگر خطاب کر رہے ہیں

عالمی برادری بھارت کے کشمیر پر غاصبانہ تسلط کا نوٹس لے، فضل الرحمان

کشمیر کے شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، بھارت کے مظالم تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، عالمی طاقتیں بھارتی ظلم پر کب بولیں گی

5 فروری ظلم کے خلاف جدوجہد، حق کی حمایت اور آزادی کی تحریک کا دن، ہمارے حکمرانوں نے کشمیریوں کے خون اور ناموس کو اپنی سیاست کے لئے استعمال کیا ہے، یوم یکجہتی کشمیر پر پیغام

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عالمی برادری بھارت کے کشمیر پر غاصبانہ تسلط کا نوٹس لے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ کی قرارداد پر عملدرآمد میں بھارت کا منفی رویہ اور ہٹ دھرمی رکاوٹ ہے، اقوام متحدہ کشمیر میں استصواب رائے کے حوالے سے اپنی ذمہ

(بقیہ 32 ونی صفحہ 3 پر)

گوادر، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں اساتذہ اور طالبات خطاب کر رہے ہیں

کشمیری خواتین کے حقوق کی حمایت میں ہمیں اپنی کوششیں تیز کرنا ہوں گی، بابہ بلیدی

صوبائی حکومت اور صوبے کے عوام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا عہد کرتے ہیں، صوبائی مشیر محکمہ ترقی نسواں

صوبے کے عوام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا عہد کرتے ہیں - کشمیر کی خواتین اپنے حق خودارادیت کے لیے جدوجہد میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت اور صوبے کے عوام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا عہد کرتے ہیں - کشمیر کی خواتین اپنے حق خود ارادیت کے لیے جدوجہد میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں -انہوں نے کہا کہ ہم کشمیری عوام کی

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

سردار عطاء اللہ خان مینگل کے صاحبزادے شہید اسد مینگل اور شہید احمد شاہ کی برسی آج منائی جائے گی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچ قومی رہنما سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ خان مینگل کے صاحبزادے شہید اسد مینگل اور ان کے ساتھی شہید احمد شاہ کی برسی آج 6 فروری 2025 بروز جمعرات کو بلوچستان بھر میں نہایت عقیدت و احترام سے منائی جائے گی شہید اسد مینگل اور احمد شاہ کی قربانیاں بلوچستان کی تاریخ کا اہم باب ہیں اور ان کی یاد میں مختلف علاقوں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ ان شہدا کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے سردار خان نیازی کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا جا رہا ہے

ڈپٹی کمشنر کچھی اور ڈی ایف او کی قیادت میں شجرکاری مہم کا آغاز، پودا لگانے کی اہمیت پر زور

پودے لگانا صدقہ جاریہ اور سنت نبوی ہے، ہم سب کو گھر اور محلے میں ایک پودا لگانا چاہیے، ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب بلوچ

بولان (خ ن) ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب بلوچ اور ڈی ایف او غلام سرور پرکانی نے یوم کشمیر اظہار یکجہتی ریلی کے بعد ازاں ڈی سی آفیس ڈھاڈر میں سرسبز کچھی پاکستان و بلوچستان بنانے کے لیے گول باغ میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر شہزاد واحد مینگل سمیت دیگر ضلعی آفیسران نے پودا لگایا شجرکاری مہم کے موقع پر ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب بلوچ اور ڈی ایف او کچھی غلام سرور پرکانی نے میڈیا کو

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

حب میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام یکجہتی کشمیر ریلی، شہر کی فضائیں "کشمیر بنے گا پاکستان" کے نعروں سے گونج اٹھیں

حب (یو این اے) حب ملک بھر کی طرح حب میں بھی 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ حب کے زیر نگرانی شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں سول سوسائٹی، مذہبی رہنماں،

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ سے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے لیے مسافر کوچ سروس معطل

مسافروں کی جان و مال کو بھی خطرات لاحق ہیں۔ مالکان نے بتایا کہ حال ہی میں شیرانی کے علاقے میں ایک کوچ کو نذر آتش کیا گیا تھا

بسوں کی معطلی کے بعد انہیں ٹرانسپورٹ کے متبادل ذرائع تلاش کرنے میں دشواریاں پیش آ رہی ہیں، اور دور دراز علاقوں سے آنے والے مسافر خاص طور پر پریشانی کا شکار ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے پنجاب اور خیبر پختونخوا جانے والی مسافر کوچ سروس معطل کر دی گئی ہے جس کے نتیجے میں ہزاروں مسافر مشکلات کا شکار ہو گئے ہیں۔ کوچ مالکان نے اپنی کوچز ایئر پورٹ پر کھڑی کر دی ہیں اور سروس کی معطلی کی وجوہات میں قومی شاہراہوں پر بڑھتی ہوئی بھتہ خوری اور بے امنی کو اہم قرار دیا ہے۔ کوچ مالکان کا کہنا ہے

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

بولان، ڈپٹی کمشنر جہانزیب بلوچ یوم کشمیر یکجہتی ریلی کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

قوام متحدہ کے ورکنگ گروپ نے بلوچ قوم کی حمایت پر زور دیا گیا ہے، ڈاکٹر مہارنگ بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچ یکجہتی کمیٹی کی مرکزی آرگنائزر ڈاکٹر مہارنگ بلوچ نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہا قوام متحدہ کے ورکنگ گروپ غیر رضا کارانہ گمشدگیوں نے بلوچ نسل کشی یادگاری دن دالبندین میں قومی اجتماع پر ایک بیان شیئر کیا۔ بیان میں زبردستی لاپتہ ہونے والوں، ان کے خاندانوں اور بلوچ قوم کی حمایت پر زور دیا گیا ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کی مرکزی آرگنائزر ڈاکٹر مہارنگ بلوچ نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس سے ایک ریلی بھی نکالی گئی ریلی

قلات (یو این اے) یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس سے ایک ریلی بھی نکالی گئی ریلی ڈپٹی کمشنر قلات فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ بلال شبیر ونگ کمانڈر ایف سی

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

سرفراز بگٹی کی قیادت میں تعلیم کے فروغ کے لیے انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں

کیڈٹ ایکسیلینس پروگرام کے تحت ملک کے اعلیٰ کیڈٹ کالجز میں 108 طلبہ کے لیے 95 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں تعلیم کے فروغ کے لیے انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے تحت فروری 2024 سے اب تک 33,466 طلبہ کو 2.98 ارب روپے کی مالیت کے اسکالرشپس دیے جا چکے ہیں، جس سے ہزاروں مستحق اور ہونہار طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع میسر آئے ہیں حکام کے مطابق حکومت

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

ضلع خضدار میں 31 سینٹرز قائم کیئے گئے، مولانا عنایت اللہ

وفاق المدارس پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ یہاں امتحانات میں شفافیت ہوتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) خضدار: وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے امتحانات پورے ملک میں جاری ہیں ضلع خضدار میں 31 سینٹرز قائم کیئے گئے ہیں پورے پاکستان میں 6 لاکھ پچیس ہزار چھ سو اٹھائیس طلبا و طالبات امتحانات دے رہے ہیں۔ آج یہاں خضدار کے امتحانی سینٹرز کا جمعیت علمائے اسلام ضلع خضدار کے جنرل سیکریٹری مولانا عنایت اللہ رودینی خضدار پریس کلب کے صدر عبداللہ شاہوانی چیئرمین محمد ایوب بلوچ جمعیت علمائے اسلام خضدار تحصیل کے امیر قاری نذیر احمد شاکر و دیگر نے دورہ کیا جب کہ وفاق المدارس پاکستان خضدار اور آواران کے سپرنٹنڈنٹ / مسل مولانا عبدالحکیم اور ان کے ترجمان حافظ بلال احمد مردوئی بھی دورہ کرنے والے وفد کے ہمراہ تھے۔ وفد نے جامعہ اشاعت الاسلام خضدار جامعہ مفتاح العلوم خضدار اور جامعہ علوم الشرعیہ کوشک خضدار کا دورہ کیا، جہاں امتحانات کے نگران اعلیٰ سے ملاقاتیں کی گئیں اور امتحانات کا جائزہ لیا۔ وفاق المدارس ضلع خضدار کے ترجمان حافظ بلال احمد مردوئی کا کہنا تھا کہ وفاق المدار پاکستان کے امتحانات کا پورے

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

بیلا، ایس ایچ او کی پولیس کی ناقص کارکردگی کی مذمت، قبضہ گیر خاتون کی پشت پناہی کا الزام

جمعیت علمائے اسلام بیلا کا ایس ایچ او بیلا کے خلاف سخت احتجاج، تبادلے کا مطالبہ

بیلا (یو این اے) پولیس کی ناقص کارکردگی علاقے کے امن و امان کو شدید متاثر کرنے کے مترادف ہے متنازعہ پلاٹ پر قابض ایک خاتون کی من گھڑت رپورٹ پر فرحان ظفر رونجھو اور مولوی بشیر احمد رونجھو کے خلاف مقدمہ درج کرنا ایس ایچ او بیلا عطاء اللہ جاموٹ کی قبضہ گیر خاتون کی پشت پناہی کرنے مترادف ہے جس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام بیلا کے جنرل سیکریٹری مفتی نور احمد جاموٹ فرحان ظفر رونجھو و دیگر بیلا ریسٹ ہاس میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے ایس ایچ او بیلا عطاء اللہ جاموٹ پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ او بیلا نے مولوی بشیر احمد رونجھو کے پلاٹ پر قبضہ گیر خاتون کے ساتھ ڈیلنگ کرنے کیلئے فرحان ظفر رونجھو کے ذریعے بشیر احمد رونجھو سے دس لاکھ روپے لے کر دینے کا مطالبہ کیا ہے انکار پر ایس ایچ او فرحان ظفر کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں حوالات میں بند کیا اور ہتک آمیز رویہ اختیار کیا پر ہجوم پریس کانفرنس سے سول سوسائٹی کے رہنما واحد بلوچ پیپلز پارٹی بیلا انفارمیشن سیکریٹری سید امام شاہ لاسی اور ہاشم ببر نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بیلا پولیس کی قبضہ مافیا کے ساتھ گٹھ جوڑ اور پشت پناہی علاقے کے روایتی امن کو خراب کرنے کا موجب ہو سکتی ہے پریس کانفرنس میں وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان آئی جی بلوچستان ڈی آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ ایس ایچ او بیلا کا فوری تبادلہ کیا جائے پر ہجوم پریس کانفرنس میں معروف سیاسی سماجی و قبائلی شخصیت وڈیرہ رفیع بندیچہ سیٹھ نثار احمد رونجھو غلام حسین گلزار سلطان ظفر رونجھو سابق کونسلر جمعہ خان رونجھو ڈاکٹر ظفر صدیق رونجھو افضل رونجھو سید سرور شاہ جمعیت علمائے

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

کشمیری ساتھ ان کے منصفانہ مقصد کیلئے کھڑے ہیں، روبینہ خالد

بھارت کے زیر قبضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کرے

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے عالمی سطح پر کشمیر کاز کے لیے آواز بلند کی تھی

اسلام آباد (آئی این پی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ ان کے منصفانہ مقصد کیلئے کھڑے ہیں اور ان کی ہر ممکن حمایت جاری رکھیں گے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے اس

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

5 فروری یوم یکجہتی عوام پاکستان اور اہلیان جموں و کشمیر کے لازوال رشتوں و ہم آہنگی کی پہچان ہے

یہ دن دنیا بھر میں بسنے والے پاکستانیوں اور کشمیریوں کے غیر متزلزل عزم کی تجدید کا دن ہے، وڈیرہ محمد سلیم جتوئی

بولان (یو این اے) نوجوان سیاسی و قبائلی شخصیت صدر بولان یوتھ اتحاد وڈیرہ محمد سلیم جتوئی قیادت میں یوم کشمیر کے حوالے سے ریلی کا

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

ڈیپارٹمنٹ آف آرٹیفیشل انٹیلی جنس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے طلباء و طالبات فائنل ایئر پروجیکٹس پیش کر رہے ہیں

قلات پاسپورٹ آفس کا سسٹم گزشتہ چار ہفتوں سے خراب ہے

قلات (یو این اے) قلات پاسپورٹ آفس کا سسٹم گزشتہ چار ہفتوں سے خراب، شہریوں کو پاسپورٹ کے حصول کیلئے دوسرے اضلاع میں شدید مشکلات کا سامنا، عوام ذلیل ہو کر رہ گئے، قلات آفس میں عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوتی ہے سسٹم بحال کیا جائے، متعدد شہری پاسپورٹ وقت پر اجرا نہ ہونے کی وجہ سے عمرے سے رہ گئے ہیں، وزیر اعظم وزیر داخلہ و ڈی جی پاسپورٹ فوری نوٹس لیں ان خیالات کا اظہار ممتاز قبائلی و سماجی شخصیت سردار جہانزیب خان جنگ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قلات پاسپورٹ آفس کا سسٹم تقریباً گزشتہ چار ہفتوں سے خراب ہونے کی وجہ سے عوام پاسپورٹ کے حصول کے لئے دوسرے اضلاع جاتے ہیں تو وہاں پر انہیں ذلیل خوار ہونا پڑتا ہے انہیں شدید مشکلات درپیش ہیں قلات

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

جھل مگسی میں یوم یکجہتی کشمیر کی پروقار تقریب، ڈپٹی کمشنر کی قیادت میں ریلی کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کا کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لیے عالمی برادری سے اقدامات کا مطالبہ

جھل مگسی (یو این اے) ملک بھر کی طرح ضلع جھل مگسی میں بھی 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر بھرپور جوش و خروش سے منایا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی قیادت میں سرکٹ ہاس گنداواہ میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جس کے بعد کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی بھی نکالی گئی۔ تقریب میں ضلعی افسران، سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان، طلبا نے شرکت کی۔ تقریب کہ آغاز تلاوت قرآن پاک کیا گیا جس کے بعد ایک منٹ کی خاموشی اختیار کر کے کشمیری شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور بچوں نے جوش و خروش کے ساتھ کشمیری عوام کے حق میں تقاریر کیں اور ان کی قربانیوں کو خراج

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

آصف علی زرداری کی چین کی نیشنل پیپلز کانگریس کے چیئرمین سے ملاقات

سی پیک سیاسی جماعتوں کے مشترکہ مشاورتی میکانزم میں شرکت اور ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان جاری عملی تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اعلیٰ سطحی تبادلوں کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا

بیجنگ (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین کی نیشنل پیپلز کانگریس کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین چاؤ لے چی سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان سدا بہار دوستی کو مزید اجاگر کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق دونوں ممالک کی دوستی دہائیوں کے دوران مزید گہری اور وسیع ہوئی ہے جبکہ پاک چین تعلقات کی بنیاد تزویراتی باہمی اعتماد پر قائم ہے۔ ملاقات

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

خضدار پولیس کی اہم کاروائی تین ملزمان گرفتار، اسلحہ منشیات اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا

خضدار (یو این اے) خضدار پولیس کی اہم کاروائی اسلحہ اور منشیات برآمد، تین ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق خضدار سٹی پولیس نے ایس ایس پی خضدار جاوید احمد زہری اور ڈی ایس پی خضدار محمد جان ساسولی کی ہدایات کی روشنی میں ایس ایچ او عطا اللہ نعمانی کی قیادت کاروائی کرتے ہوئے خضدار کے مختلف علاقوں سے تین ملزمان امان اللہ سکنہ خیر اوہ جمیل احمد سکنہ کھٹان ذاکر سکنہ کھٹان کو گرفتار کر لیا جن سے پستول، مہلک نشہ آور اشیا اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ ایس ایچ او خضدار سٹی عطا اللہ نعمانی نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ خضدار سے جرائم پیشہ افراد اور اسٹریٹ کرائمز میں ملوث افراد کو ہر صورت میں گرفتار کر لیا جائیگا اور منشیات کے موثر روک تھام کے لئے اقدامات

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کشمیری عوام کا سب سے بڑا جرم حق خودارادیت کا مطالبہ ہے، جہانزیب شیخ

اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ان کا بنیادی حق ہے، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (یو این اے) کشمیری عوام کا سب سے بڑا جرم حق خودارادیت کا مطالبہ ہے جو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ان کا بنیادی حق

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی یوتھ فورم فار کشمیر کے زیر اہتمام کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

سعودی سرمایہ کاری

پاکستان اور سعودی ڈویلپمنٹ فنڈ (ایس ڈی ایف) کے درمیان ایک ارب 61 کروڑ ڈالر کے معاہدوں پر دستخط ہو گئے۔ ان میں سے ایک معاہدے کے تحت سعودی فنڈ پاکستان کو ایک سال کی مؤخر ادائیگی پر ایک ارب 20 کروڑ ڈالر مالیت کا تیل درآمد کرنے کی سہولت دے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان اور سعودی فنڈ فار ڈویلپمنٹ کے درمیان نامسرہ میں واٹر سپلائی سکیم کے لئے چار کروڑ 10 لاکھ ڈالر رعایتی نرخوں پر قرضے کی فراہمی کی مفاہمتی یادداشت پر بھی دستخط کئے گئے، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، چند دیگر وزراء اور معاونین خصوصی اور پاکستانی اعلیٰ حکام کے علاوہ سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی اور وفد کے دیگر اراکین نے بھی شرکت کی۔ اس سے قبل ایس ڈی ایف کے چیف ایگزیکٹو سلطان بن عبدالرحمان المرشد کی قیادت میں وفد نے وزیراعظم سے ملاقات کر کے انہیں سعودی تعاون سے جاری ممہند ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، گولن گول ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، مالاکنڈ رینیول ڈویلپمنٹ پراجیکٹ اور سعودی گرانٹس کے ذریعے فنڈ سے کئے گئے دیگر منصوبوں کے بارے میں بریفنگ سے آگاہ کیا۔ سلطان بن عبدالرحمان المرشد نے مشترکہ منصوبوں پر جلد کارروائی کی یقین دہانی کراتے ہوئے یہ اعادہ بھی کیا کہ سعودی عرب، شاہی خاندان کی قیادت میں، پاکستان کو ہر ممکن مدد اور مسلسل تعاون فراہم کرے گا۔ سعودی عرب کی طرف سے تیل کی درآمد پر دی جانے والی اس سہولت سے پاکستان کو اپنا مالیاتی بوجھ فوری کم کرنے میں مدد ملے گی، قومی امکان ہے کہ سعودی تیل کی یہ سہولت رواں سال مارچ سے شروع ہو جائے گی۔ یاد رہے کہ سعودی تیل سہولت کا گزشتہ پروگرام دسمبر 2023 میں ختم ہو گیا تھا جس کے بعد پاکستان نے اس کی بحالی کا باضابطہ درخواست کر رکھی تھی۔ دوسرے منصوبے کے تحت ایس ایف ڈی خیبر پختونخوا کے ضلع مانسہرہ میں گریوٹی فلو واٹر سپلائی سکیم کے لئے 41 ملین ڈالر فراہم کرے گا جس سے ضلع کے ایک لاکھ 50 ہزار مقامی افراد کے لئے پینے کے صاف پانی تک رسائی میں بہتری آئے گی جبکہ اس سرمایہ کاری سے 2040ء تک دو لاکھ سے زائد افراد کو پانی کی طلب کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین حالیہ ایک اور اہم پیشرفت ریکوڈک معاہدے کے حوالے سے ہوئی ہے جس پر آئندہ چند ماہ کے دوران معاہدہ ہونے کی توقع کی جا رہی ہے۔ ریکوڈک منصوبے کی ظرفِ ثانی شدہ تخمینہ جاتی کام پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے، سعودی عرب پہلے مرحلے میں ریکوڈک کے 10 فیصد سٹیک خریدے گا جسے بعد ازاں بڑھا کر 20 فیصد کر دیا جائے گا۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال اکتوبر میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ٹیکنائل اور زراعت سمیت بعض دیگر شعبوں میں اربوں ڈالر کے 27 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کئے گئے تھے۔ سعودی وزیر سرمایہ کاری خالد عبدالعزیز الفالح نے اُس وقت کہا تھا کہ پاکستان کا معاشی استحکام چاہتے ہیں، پاکستان اور سعودی عرب دوست نہیں ایک خاندان ہے، مختصر وقت میں معاشی بہتری متاثر کن ہے، دوطرفہ تجارت میں پہلے ہی قریباً 80 فیصد اضافہ ہو چکا ہے۔ لگ بھگ تین ہفتوں بعد اسی ماہ کے آخر میں سعودی عرب نے پاکستان میں سرمایہ کاری 2.2 ارب ڈالر سے بڑھا کر 2.8 ارب ڈالر کرنے کا اعلان کر دیا تھا۔ سعودی میڈیا کے مطابق وزیراعظم نے اپنے دورہ سعودی عرب کے دوران خصوصی کاوشیں کیں جن کی بدولت سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری کی سات مزید مفاہمی یادداشتوں پر دستخط کئے گئے اور سرمایہ کاری کے حجم میں 600 ملین ڈالر کا اضافہ ہو گیا یوں مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کی تعداد 34 ہو گئی۔ گزشتہ سال دسمبر میں سعودی عرب نے پاکستان کو دیئے گئے تین ارب ڈالر کے ڈیپازٹ کو بھی ایک سال کے لئے رول اوور کر دیا تھا۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے کہا گیا تھا کہ اس توسیع سے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کو مضبوط کرنے اور ملک کی معاشی تزاق اور خوشحالی میں مدد ملے گی۔ سٹیٹ بینک کے مطابق یہ رقم 2021ء میں جمع کرائی گئی تھی جس کے بعد سے اسے رول اوور کیا جا رہا ہے جو دونوں برادر ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کا عکاس ہے۔ اس میں کوئی دو آراء نہیں کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مثالی تعلقات ہیں اور سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کی مدد کی ہے، ضرورت پڑنے پر ہمیشہ آگے بڑھ کر ہاتھ تھاما۔ اسی طرح پاکستان بھی ہمیشہ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے، مسئلہ کوئی بھی ہو، کسی بھی نوعیت کا ہو، پاکستان نے سعودی عرب کو ہمیشہ مقدم رکھا ہے۔ اب بھی پاکستان نے سعودی عرب کو اُس کی ڈیسکوورئی سمیت دیگر شعبوں میں درجنوں ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی پیشکش کر رکھی ہے جس میں سے چند ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آچکی ہے جبکہ مزید پرکام کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ سال اپریل میں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان ہونے والی باضابطہ ملاقات کے بعد مشترکہ اعلامیے میں پاکستان میں پانچ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے پیکیج کا اعلان کیا گیا تھا۔ پاکستان کو اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی ضرورت ہے جسے پورا کرنے کے لئے سعودی عرب ہر ممکن تعاون کر رہا ہے تاہم ضرورت اس اَمر کی ہے کہ پاکستانی معاشی نیم سرمایہ کاری کے مزید مواقع پیدا کرے خاص طور پر ان جدید جہتوں میں جن کی دنیا میں اس وقت مانگ ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی وہ شعبہ ہے جس میں کم سرمایہ کاری کے ساتھ زیادہ منافع کمایا جا سکتا ہے خاص طور پر جب پاکستان کی 60 فیصد سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جنہیں چند ہفتوں اور مہینوں کے شارٹ کورسز کروا کر کلی معیشت کا کارگر حصہ بنایا جا سکتا ہے۔ پاکستان کو یہ کوشش بھی کرنی چاہیے کہ سعودی عرب میں ہونے والی ترقی بالخصوص ٹیکنٹکروں ارب ڈالر مالیت کے "نیوم" اور "دی لائن" سمیت دیگر کئی ترقیاتی منصوبوں کا بھی حصہ بنے کہ ان میں بھی پاکستان اور پاکستانیوں کے لئے بے پناہ مواقع موجود ہیں، سعودی حکام کے ساتھ مل کر ایسی پالیسیاں تشکیل دی جا سکتی ہیں جن سے انسانی وسائل کے علاوہ بھی ان منصوبوں میں استعمال ہونے والا خام مال پاکستان سعودی عرب کو مہیا کر سکتا ہے۔ پاکستان کا سعودی عرب سے سرمایہ کاری کا ابتدائی ہدف 30 ارب ڈالر تھا جس تک پہنچنے کی ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیے، پاکستان کی خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کو بھی اس معاملے میں سرگرم رہنا چاہیے۔ اس وقت لازم ہے کہ ملک میں سازگار ماحول فراہم کیا جائے، جو مواقع پاکستان میں موجود ہیں انہیں اس طریقے سے پیش کیا جائے کہ سعودی عرب سمیت دیگر ممالک بھی یہاں سرمایہ کاری پر مجبور ہو جائیں۔

سپریم کورٹ آئینی بنچ میں خیبر پختونخوا یونیورسٹیز واس چانسلر تقرری کیس کی سماعت، رواں ہفتے ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آئینی بنچ میں خیبر پختونخوا یونیورسٹیز واس چانسلر تقرری کیس۔ کی سماعت رواں ہفتے ہوگی جسٹس امین الدین خان سربراہی میں آئینی بنچ کیس کی سماعت کریگا۔ خیبر پختونخوا میں 19 یونیورسٹیوں میں واس چانسلر کی عہدے خالی ہیں۔ تحریک انصاف نے 2022 میں واس چانسلرز کی تقرریاں مشتہر کی تھیں۔ خیبر پختونخوا گورنر حکومت اور اپوزیشن کیلئے واس چانسلر تقرری کی اجازت دی تھی۔ تحریک انصاف نے فروری 2024 میں اقتدار میں آنے کے بعد گورنر حکومت سفارشات کو مسترد کر دیا تھا۔ ہائیر بائیکوٹ نے بے قانونی کو قانون مطابق سفارشات پر عمل کا حکم دلوا کے کے بعد ہائیر بائیکوٹ کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ سپریم کورٹ آئینی بنچ میں خیبر پختونخوا یونیورسٹیز واس چانسلر تقرری کیس۔ کی سماعت رواں ہفتے ہوگی۔ جسٹس امین الدین خان سربراہی میں آئینی بنچ کیس کی سماعت

فیفا نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کا گورنس کا فیصلہ مسترد کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کا گورنس کا فیصلہ مسترد کر دیا جس کے باعث پاکستان فٹبال فیڈریشن کے انتخابات ایک بار پھر التوا کا شکار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان فٹبال فیڈریشن کی گورننس کی دو نہائی اکثریت نے فیفا ترامیم مسترد کر دی تھی لیکن فیفا نے پی ایف ایف آئین میں جزوی تبدیلی کا مطالبہ برقرار رکھتے ہوئے واضح کر دیا ہے کہ جب تک فیفا کے طے شدہ طریقہ کار کے تحت پی ایف ایف آئین میں ترمیم نہیں ہو جاتی حد تک پاکستان فٹبال فیڈریشن کے انتخابات نہیں ہوں گے۔ فیفا نے پاکستان فٹبال فیڈریشن نارمائزیشن کمیٹی کی مدت میں گزشتہ سال مزید توسیع بھی کی تھی جبکہ ہیئرز میں 2023 کے انتخابات کا اعلان کر دیا گیا تھا۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال اکتوبر میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ٹیکنائل اور زراعت سمیت بعض دیگر شعبوں میں اربوں ڈالر کے 27 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کئے گئے تھے۔ سعودی وزیر سرمایہ کاری خالد عبدالعزیز الفالح نے اُس وقت کہا تھا کہ پاکستان کا معاشی استحکام چاہتے ہیں، پاکستان اور سعودی عرب دوست نہیں ایک خاندان ہے، مختصر وقت میں معاشی بہتری متاثر کن ہے، دوطرفہ تجارت میں پہلے ہی قریباً 80 فیصد اضافہ ہو چکا ہے۔ لگ بھگ تین ہفتوں بعد اسی ماہ کے آخر میں سعودی عرب نے پاکستان میں سرمایہ کاری 2.2 ارب ڈالر سے بڑھا کر 2.8 ارب ڈالر کرنے کا اعلان کر دیا تھا۔ سعودی میڈیا کے مطابق وزیراعظم نے اپنے دورہ سعودی عرب کے دوران خصوصی کاوشیں کیں جن کی بدولت سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری کی سات مزید مفاہمی یادداشتوں پر دستخط کئے گئے اور سرمایہ کاری کے حجم میں 600 ملین ڈالر کا اضافہ ہو گیا یوں مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کی تعداد 34 ہو گئی۔ گزشتہ سال دسمبر میں سعودی عرب نے پاکستان کو دیئے گئے تین ارب ڈالر کے ڈیپازٹ کو بھی ایک سال کے لئے رول اوور کر دیا تھا۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے کہا گیا تھا کہ اس توسیع سے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کو مضبوط کرنے اور ملک کی معاشی تزاق اور خوشحالی میں مدد ملے گی۔ سٹیٹ بینک کے مطابق یہ رقم 2021ء میں جمع کرائی گئی تھی جس کے بعد سے اسے رول اوور کیا جا رہا ہے جو دونوں برادر ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کا عکاس ہے۔ اس میں کوئی دو آراء نہیں کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مثالی تعلقات ہیں اور سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کی مدد کی ہے، ضرورت پڑنے پر ہمیشہ آگے بڑھ کر ہاتھ تھاما۔ اسی طرح پاکستان بھی ہمیشہ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے، مسئلہ کوئی بھی ہو، کسی بھی نوعیت کا ہو، پاکستان نے سعودی عرب کو ہمیشہ مقدم رکھا ہے۔ اب بھی پاکستان نے سعودی عرب کو اُس کی ڈیسکوورئی سمیت دیگر شعبوں میں درجنوں ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی پیشکش کر رکھی ہے جس میں سے چند ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آچکی ہے جبکہ مزید پرکام کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ سال اپریل میں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان ہونے والی باضابطہ ملاقات کے بعد مشترکہ اعلامیے میں پاکستان میں پانچ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے پیکیج کا اعلان کیا گیا تھا۔ پاکستان کو اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی ضرورت ہے جسے پورا کرنے کے لئے سعودی عرب ہر ممکن تعاون کر رہا ہے تاہم ضرورت اس اَمر کی ہے کہ پاکستانی معاشی نیم سرمایہ کاری کے مزید مواقع پیدا کرے خاص طور پر ان جدید جہتوں میں جن کی دنیا میں اس وقت مانگ ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی وہ شعبہ ہے جس میں کم سرمایہ کاری کے ساتھ زیادہ منافع کمایا جا سکتا ہے خاص طور پر جب پاکستان کی 60 فیصد سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جنہیں چند ہفتوں اور مہینوں کے شارٹ کورسز کروا کر کلی معیشت کا کارگر حصہ بنایا جا سکتا ہے۔ پاکستان کو یہ کوشش بھی کرنی چاہیے کہ سعودی عرب میں ہونے والی ترقی بالخصوص ٹیکنٹکروں ارب ڈالر مالیت کے "نیوم" اور "دی لائن" سمیت دیگر کئی ترقیاتی منصوبوں کا بھی حصہ بنے کہ ان میں بھی پاکستان اور پاکستانیوں کے لئے بے پناہ مواقع موجود ہیں، سعودی حکام کے ساتھ مل کر ایسی پالیسیاں تشکیل دی جا سکتی ہیں جن سے انسانی وسائل کے علاوہ بھی ان منصوبوں میں استعمال ہونے والا خام مال پاکستان سعودی عرب کو مہیا کر سکتا ہے۔ پاکستان کا سعودی عرب سے سرمایہ کاری کا ابتدائی ہدف 30 ارب ڈالر تھا جس تک پہنچنے کی ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیے، پاکستان کی خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کو بھی اس معاملے میں سرگرم رہنا چاہیے۔ اس وقت لازم ہے کہ ملک میں سازگار ماحول فراہم کیا جائے، جو مواقع پاکستان میں موجود ہیں انہیں اس طریقے سے پیش کیا جائے کہ سعودی عرب سمیت دیگر ممالک بھی یہاں سرمایہ کاری پر مجبور ہو جائیں۔

اسلام آباد ہائیکورٹ میں ایس ایس پی کا 2024ء کے نتائج کے پہلے انتخابات کا اعلان کرنے کی درخواست سماعت رواں ہفتے ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ میں ایس ایس پی 2024 کے نتائج سے پہلے عبوری انتخابات کا اعلان روکنے کی درخواست پر سماعت رواں ہفتے ہوگی عدالت عالیہ پہلے ہی چیئرمین ایف بی ایس کی 6 فروری کے درخواستگزاروں کو سن کر فیصلہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے خود ارکان کیخلاف کے مقدمہ خارج کر گئی۔ جسٹس محسن اختر کیانی کیس کی سماعت کرے گی۔ جسٹس محسن اختر کیانی کیس کی سماعت کرے گا۔ ساتھ سماعت اسسٹنٹ اٹارنی جنرل عثمان محسن نے عدالت کو بتایا تھا چیئرمین فیڈرل بکس سروس کمیشن ایک عظیم جود ہوں گے۔ درخواست گزاروں نے معاملے کو اس میں سن کر عدل کریں گے۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا یہ معاملہ کسی ایک کا نہیں۔ ایف بی ایس میں کو پورا مسئلہ حل کرنا ہوگا۔ ہم جب بھی فیصلہ کریں گے آپ کے اس نکتے پر فیصلہ کریں گے۔ درخواست گزار ایف ایس سی کے سامنے معاملہ پیش کریں۔ عدالت نے کہا کہ چیئرمین ایف بی ایس سی اور دیگر آفیشلز متعلقہ

اسلام آباد ہائیکورٹ، عمران، شہباز پی ٹی ایف کے بت کیخلاف اپیل پر سنچ کیلئے واپس بھیجنے کا حکم، توہین عدالت کا مقدمہ جاری

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی ایف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عدت کیلئے سزا کیس میں بریت کے خلاف اپیل پر سنچ بنانے کیلئے واپس بھیجنے کا حکم جاری کر دیا۔ جسٹس اطہر من اللہ نے لیطر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سنچ کیس میں بریت کے خلاف اپیل پر سنچ بنانے کیلئے واپس بھیجنے کا حکم جاری کر دیا۔ جسٹس اطہر من اللہ نے تحریری حکم نامے میں کہا کہ میں نے لیطر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سنچ کیس میں بریت کے خلاف اپیل پر سنچ بنانے کیلئے کوئی اور سنچ کیس کی سماعت کرے، رجسٹرار آفس کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ضروری اقدامات کرے۔ جسٹس اطہر من اللہ نے خاور فرید بابر کی اپیل پر سماعت کرتے ہوئے بانی پی ٹی ایف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عدت کیلئے سزا کیس میں بریت کے خلاف اپیل پر سنچ بنانے کیلئے کوئی اور سنچ کیس کی سماعت کرے، رجسٹرار آفس کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ضروری اقدامات کرے۔ جسٹس اطہر من اللہ نے خاور فرید بابر کی اپیل پر سماعت کرتے ہوئے بانی پی ٹی ایف عمران خان کیخلاف توہین عدالت کا مقدمہ خارج کر دیا۔ بانی پی ٹی آئی کے وکلاء نے جسٹس اطہر من اللہ کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عدت کیلئے سزا کیس میں بریت کیخلاف اپیل کی تھی جبکہ عدالت نے بانی پی ٹی ایف کی اپیل پر سماعت کرتے ہوئے توہین عدالت کا مقدمہ خارج کر دیا۔ بانی پی ٹی آئی کے وکلاء نے جسٹس اطہر من اللہ کی سماعت کرنے پر اعتراض اٹھایا تھا۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے بشریٰ بی بی کو جیل بند نہ کرنے پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت نے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے بشریٰ بی بی کو جیل بند نہ کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ درخواست بشریٰ بی بی کے وکیل لیمل ملک کی جانب سے دائر درخواست میں عدالت کو بتایا گیا۔ بشریٰ بی بی کی 26 نومبر کے 31 مقدمات میں بھوری اضافی پر سماعت مقرر تھی لیکن عدالتی اطلاعات کے باوجود بھی بشریٰ بی بی کو عدالت میں پیش نہیں کیا گیا۔ عدالت نے سپرنٹنڈنٹ جیل اڈیالہ نوٹس جاری کرتے ہوئے 6 فروری کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ بانی پی ٹی آئی نے اڈیالہ جیل میں تین بجوں اور 6 وکلاء ملاقاتیں کی تھیں جبکہ ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے جیل میں 45 منٹ تک ملاقات کرائی تھی۔ نیشر پختونخوا کے دو وزراء بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کی اجازت نہیں ملی، وزیر صحت سید فیصل سید جبہاں اور وزیر کیلیکشن اینڈ ڈسٹرسٹ سہیل آفریدی کیخلاف حکم جاری کرنے اڈیالہ جیل آئے تھے۔ بانی سے ملاقات کی اجازت نہ ملنے پر وزیر صحت سید فیصل سید جبہاں کا میڈیا سے گفتگو کرتے کہا تھا کہ عدالتی احکامات پر بانی سے ملاقات کیلئے آئے تھے لیکن اجازت نہیں ملی، اسلام آباد ہائی کورٹ میں جیل حکام کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کرینگے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی ایف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عدت کیلئے سزا کیس میں بریت کے خلاف اپیل پر سنچ بنانے کیلئے واپس بھیجنے کا حکم جاری کر دیا۔ جسٹس اطہر من اللہ نے تحریری حکم نامے میں کہا کہ میں نے لیطر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سنچ کیس میں بریت کے خلاف اپیل پر سنچ بنانے کیلئے کوئی اور سنچ کیس کی سماعت کرے، رجسٹرار آفس کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ضروری اقدامات کرے۔ جسٹس اطہر من اللہ نے خاور فرید بابر کی اپیل پر سماعت کرتے ہوئے بانی پی ٹی ایف عمران خان کیخلاف توہین عدالت کا مقدمہ خارج کر دیا۔ بانی پی ٹی آئی کے وکلاء نے جسٹس اطہر من اللہ کی سماعت کرنے پر اعتراض اٹھایا تھا۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے بشریٰ بی بی کو جیل بند نہ کرنے پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت نے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے بشریٰ بی بی کو جیل بند نہ کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ درخواست بشریٰ بی بی کے وکیل لیمل ملک کی جانب سے دائر درخواست میں عدالت کو بتایا گیا۔ بشریٰ بی بی کی

سرکاری ملازمین کیلئے ہاؤس رینٹل سیلنگ بڑھانے کی سفارش

گریڈ 2 کے ملازمین کا اسلام آباد کے لیے ہاؤس رینٹل سیلنگ 82 ہزار 261 روپے سے بڑھا دی

اسلام آباد (آئی این پی) کیبنٹ ڈویژن نے ہاؤس رینٹل سیلنگ میں 125 فیصد، گریڈ 7 سے 10 تک کے ملازمین کے لیے رینٹل سیلنگ میں 100 فی صد جبکہ گریڈ 11 سے 22 تک کے ملازمین کی رینٹل سلیونگ میں 60 فی صد اضافہ تجویز کیا گیا ہے۔ گریڈ ایک سے 2 کے ملازمین کا اسلام آباد کے لیے 7029 سے بڑھا کر 15 ہزار 815 روپے، گریڈ 3 سے 6 کے ملازمین کا اسلام آباد کے لیے 10 ہزار 980 روپے سے بڑھا کر 24 ہزار 705 روپے، گریڈ 7 سے 10 کے ملازمین کا اسلام آباد کے لیے 18 ہزار 403 سے بڑھا کر 32 ہزار 806 روپے، گریڈ 11 سے 13 کے ملازمین کا اسلام آباد کے لیے 27

شہباز شریف، نواز شریف، اسحاق ڈار اسمبلی دیگر سیاسی رہنماؤں کا پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر افسوس کا اظہار

پرنس کریم آغا خان پاکستان کے دوستوں اور محبت کرنے والے افراد میں نمایاں تھے ان کی وفات ہم سب کو ذاتی نقصان ہے

